روبرو الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

عذداری زیر دفعہ (2)21 الیکشن ایکٹ 2017 وزیر رول 12 الیکشن رولز 2017ء بابت حلقہ بندی PP/212 ملتان

جنابِ عالیٰ!

1۔ یہ کہ سائل حلقہ PP/212 کا رجسٹرڈ ووٹر ہے ووٹ سرٹیفکیٹ لف ہے۔

2۔ یہ کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے حلقہ PP/212 کا مجوزہ نوٹیفکیشن جاری کیا ہے جسکی نقل ونقشہ مجاریہ الیکشن کمیشن لف ہذا ہے۔

3۔ یہ کہ سائل بوجوہات مجوزہ حلقہ PP/212 میں تبدیلی/ترمیم کرانا چاہتا ہے۔

i۔ یہ کہ حلقہ PP/212 میں قانون گوئی ہیڈ کوارٹر (QH) شیر شاہ کے پٹوار سرکل (PC) شیر شاہ، بھکری، ہمروٹ، حماد پور، اکبر پور QH مظفر آباد کے پٹوار سرکل مظفر آباد، ٹبہ مسعود پور، محمد پور گھوٹہ، لنگڑیال کو بلا جواز PP/212 میں شامل کیا گیا ہے حالانکہ مذکورہ بالا آبادی ہائے کی جغرافیائی حدود PP/212 کے علاقہ ہائے سے نہ ملتی ہیں بلکہ جغرافیائی اعتبار سے مذکورہ بالا آبادی ہائے PP/212 کا حصہ ہیں اس طرح مذکورہ بالا آبادی ہائے کو بربنائے جغرافیائی حدود PP/212 سے نکال کر PP/213 میں شامل کیا جانا قرین انصاف ہے۔

ii۔ یہ کہ مذکورہ بالا آبادی ہائے PP/212 میں شامل رکھنے میں عوام الناس کی سہولت کا خیال نہ رکھا گیا ہے کیونکہ بقیہ حصہ PP/212 کے ذرائع رسل و رسائل مذکورہ آبادی سے مشترک نہ ہیں۔ عوام الناس کو ریلوے لائن اور کینٹ ایریا کراس کر کے مذکورہ بالا آبادی ہائے میں جانا ہوگا جو کہ دشواری کا باعث ہے۔

iii۔ یہ کہ PP/212 میں شامل کئے گئے مذکورہ بالا علاقہ جات کے physical features

2

بقیہ حصہ سے نہ ملتے ہیں دونوں مختلف نوعیت اور مختلف خدوخال کے حامل ہیں۔

iv- یہ کہ PP/212 اور PP/213 کی موجود مجوزہ شکل بمطابق نقشہ Compact نہ ہے بلکہ Odd shaped ہے جس سے Tailor Made ہونے کا تاثر ملتا ہے جو کہ دفعہ 20 الیکشن ایکٹ میں دیئے گئے اصولوں کے منافی ہے۔ مذکورہ بالا آبادی ہائے کو اگر PP/212 سے نکال کر PP/213 میں شامل کر دیا جاوئے تو آبادی برائے حلقہ صوبائی اسمبلی کی زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم حد کے درمیان میں ہی رہتی ہے جس میں توازن آبادی بھی برقرار رہتا ہے۔

v- یہ کہ مندرجہ بالا آبادی ہائے کو PP/212 سے نکال کر اس کی آبادی کو پورا کرنے کے لئے چارج نمبر 18 ماسوائے سرکل نمبر 4 اور چارج نمبر 19 (میونسپل کارپوریشن ملتان) کی آبادی کو PP/213 سے نکال کر PP/212 میں شامل کرنا قرین انصاف ہے کیونکہ مذکورہ چارج ہائے کی آبادیاں PP/212 کی آبادی ہائے سے زیادہ متصل ہیں۔

4- یہ کہ آبادی ہائے مندرجہ پیرا نمبر (i) کو PP/212 سے نکال کر PP/213 میں شامل کرنے سے ہر دو حلقہ ہائے کی Compartness برقرار رہے گی۔

5- یہ کہ تجاویز متذکرہ بالا کو توازن آبادی کے اعتبار سے شیڈول میں ظاہر کیا گیا ہے جو کہ لف ہذا ہے۔

بحالات بالا استدعا ہے کہ عذر داری ہذا منظور فرمائی جاوئے اور تبدیلی / ترمیم اندر حلقہ PP/212 بمطابق متذکرہ بالا تجویز فرمائی جاوئے اور اسی طرح نتیجتاً ترمیم اندر حلقہ PP/213 بھی فرمائی جاوئے۔

عـــــــرضـــــــی

غلام عباس ولد اللہ یار سکنہ آدی باغ بنگلہ موضع تارہ گڑھ ڈاکخانہ کھوکھراں تحصیل صدر ضلع ملتان

غلام عباس

بذریعہ کونسل:

رانا محمد آصف سعید ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان

طارق مصطفیٰ تگہ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان

شادمان کالونی بالمقابل ججز گیٹ لاہور ہائی کورٹ ملتان بنچ ملتان